سوال

(420)وہابیت کی صحیح پہچان

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہابیت کیا ہوتی ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''وہابیت'' کا لفظ شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ علیہ کے مخالفین ان کی دعوت کے لئے بولتے ہیں' جبکہ شیخ توحید کو مشرکانہ عقائد واعمال سے پاک کرنے اور جناب رسول اللہ ﷺ کے راستے کے علاوہ سب راستوں کو چھوڑدینے کی دعوت دیتے تھے۔ مخالفین کا مقصد یہ ہے کہ لوگو ںکو شیخ کی دعوت سے متنفر کریں اور لوگوں کو اس راستے سے روکیں جس کی طرف وہ بلاتے تھے۔ لیکن اس سے اس دعوت کو کوئی نقصان نہیں پہنچا بلکہ یہ دنیا میں زیادہ پھیل گئی اور جنہیں اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ان کو اس کی حقیقت' مقصود اور کتاب وسنت کی روشنی میں اس کے دلائل معلوم کرنے کا زیادہ شوق پیدا ہوا' اس طرح وہ اس پر مظبوطی سے کاربندہ ہوگئے اور دوسروں کو بھی اس کی طرف بلانے لگے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ